Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۹ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۳۷ء جلد ۴۹

حصہ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان دربار

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

تعطیل

۱۹ر جنوری ۱۹۳۶ء

ہز ہائنس نواب مرزا امیرالدین احمد خاں صاحب بہادر سابق والی لوہارو کا آج انتقال ہوگیا۔ چونکہ ریاست ہٰذا سے مرحوم کے تعلقات خصوصی تھے لہٰذا حسب ایمائے ہمایوں بسلسلہ تعزیت کل بتاریخ ۲۰ر جنوری ۱۹۳۶ء جملہ دفاتر و مدارس و عدالتہائے ریاست بند رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے فی الفور احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

تعطیل

۲۰ر فروری ۱۹۳۶ء

آج ثقۃ الاسلام مولانا آغا عبدالرحیم صاحب ملیح آباد کو یہ کا انتقال ہوگیا۔ مرحوم مذہبی۔ ادبی۔ اور علمی حیثیت سے بین الاقوامی شہرت رکھتے تھے اور ریاست رامپور سے مرحوم کے خصوصی تعلقات تھے لہٰذا مرحوم کی تعزیت کے سلسلہ میں حسب ایمائے ہمایوں کل ۲۱ر فروری ۱۹۳۶ء کو جملہ دفاتر و مدارس و عدالتہائے ریاست بند رہیں گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے فی الفور احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔

(دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر دربار

رخصت

۱۷ رجنوری ۱۹۳۷ء

مشتبہ رپورٹ اگزیکٹیو انجنیر صاحب نہار دربار منظوری رخصت مزید پندرہ یوم رعایتی از ۵ ر تا ۲۹ رجنوری ۱۹۳۷ء عابد خاں علاقہ دار نہر کیمری مشاہرہ [illegible] آمد۔

حکم

بسلسلہ رخصت سابقہ مزید رخصت پندرہ یوم رعایتی ۵ ر جنوری ۱۹۳۷ء عابد خاں علاقہ دار نہر کیمری کی منظور ہے۔ حق رخصت رعایتی حاصل ہے۔ احکام جاری ہوں۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر دربار)

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر دربار

رخصت

۱۷ رجنوری ۱۹۳۷ء

مسودہ درخواست و نقشہ رخصت مزید رعایتی ۱۵ یوم ہادی رضا خاں سپرنٹنڈنٹ کمپائلیشن مشاہرہ ۱۰۰ ر روپیہ از یکم لغایت ۱۵ ر جنوری ۱۹۳۷ء بسلسلہ انتظام سابقہ بوجہ بقائے علالت خود۔ مع رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب آڈٹ آفس تصدیق استحقاق رخصت مزید مطلوبہ۔

حکم

ہادی رضا خاں سپرنٹنڈنٹ کمپائلیشن کی رخصت رعایتی مزید پندرہ یوم یکم جنوری ۱۹۳۷ء سے بانتظام سابق منظور ہے مزید سے احکام جاری ہوں۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر دربار)

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

رخصت

۱۱ر جنوری ۱۹۳۷ء

معمورہ کاغذات یادداشت انجنیئر صاحب برقی روشنی مع درخواست حبیب الرحمٰن خاں انجن ڈرائیور بجلی گھر مشاہرہ دار عــہ روپیہ ماہوار بابت عطائے رخصت رعایتی آٹھ یوم بہ تنسیخ رخصت اتفاقیہ منظور شدہ دو یوم حسب تصدیق اکاؤنٹ آفس از ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۶ء

حکم ہوا کہ

حسب سفارش انجنیئر صاحب قوت برقی و تصدیق اکاؤنٹ آفس حبیب الرحمٰن انجن ڈرائیور ملازم بجلی گھر کی رخصت رعایتی آٹھ یوم ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔ نامبردہ نے دو یوم کی رخصت جو اتفاقیہ حاصل کی تھی وہ بھی شامل ہے جو رعایتی شمار ہوگی۔ سررشتہ معمورہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

رخصت

۱۱ر جنوری ۱۹۳۷ء

معمورہ کاغذات یادداشت انجنیئر صاحب روشنی برقی مع درخواست منشی محمد یسین خاں نقشہ نویس بجلی گھر مشاہرہ دار عــہ روپیہ ماہوار بابت منظور کئے جانے رخصت رعایتی دو یوم ۶ر و ۷ر جنوری ۱۹۳۷ء حسب تصدیق اکاؤنٹ آفس۔

حکم ہوا کہ

حسب سفارش انجنیئر صاحب قوت برقی و تصدیق اکاؤنٹ آفس منشی محمد یسین خاں نقشہ نویس کی رخصت رعایتی دو یوم منظور ہے کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ معمورہ کو مرسل ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

رخصت

۱۱ر جنوری ۱۹۳۷ء

معمورہ کاغذات یادداشت انجنیئر صاحب روشنی برقی مع درخواست منشی غلام محمد خاں ریکارڈ کیپر بجلی گھر مشاہرہ دار عــہ روپیہ ماہوار بابت دیئے جانے رخصت رعایتی مزید ایک ماہ من ابتداء ۲۵ر دسمبر ۱۹۳۶ء لغایت ۲۴ر جنوری ۱۹۳۷ء حسب تصدیق اکاؤنٹ آفس۔

حکم ہوا کہ

حسب سفارش انجنیئر صاحب قوت برقی و تصدیق اکاؤنٹ آفس منشی غلام محمد خاں ریکارڈ کیپر بجلی گھر کی رخصت رعایتی مزید ایک ماہ بسلسلہ رخصت سابقہ ۲۵ر دسمبر ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔ کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام سررشتہ معمورہ کو مرسل ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

رخصت

۱۳ر جنوری ۱۹۳۷ء

معمورہ کاغذات یادداشت انجنیئر صاحب برقی روشنی معہ درخواست حبیب الرحمٰن انجن ڈرائیور بجلی گھر مشاہرہ دار عــہ روپیہ ماہوار بابت عطائے رخصت رعایتی چھ یوم از ۸ لغایت ۱۳ر جنوری ۱۹۳۷ء معمورہ فائنانس آفس بابت استحقاق رخصت مطلوبہ

حکم ہوا کہ

حسب سفارش منیجر صاحب نوت برنی و تصدیق اکاؤنٹ آفس حبیب الرحمن انجن ڈرائیور صیغہ بجلی گھر کی مزید رخصت رعایتی چھ یوم بسلسلہ سابقہ ۱۰ جنوری ۱۹۳۷ء سے منظور ہے کاغذات ہذا بغرض اجرا احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو بسلسلہ دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر گورنمنٹ پبلک ورکس بار

ھدایت

۱۹/۲۱ جنوری ۱۹۳۷ء

اکثر صیغہ جات کو اس امر کی شکایت ہے کہ اسٹیٹ پریس سے فرمائشات طبع ہو کر تاخیر سے ملتی ہیں جس سے ان کے صیغہ جات کے کاموں میں حرج واقع ہوتا ہے اور اس تاخیر کے باعث دیگر مطابع سے طبع کرانے کی خواہش کیجاتی ہے۔ اسٹیٹ پریس کو عذر ہے کہ صیغہ جات کی فرمائشات طبع شدہ رکھی رہتی ہیں انکو وصول کرنے کوئی نہیں آتا۔ اور مطبع سے بغیر معلوم کئے رپورٹ کردیجاتی ہے کہ فارم طبع نہیں ہوتے ہیں۔ پریس میں کوئی ایسا ملازم نہیں ہے کہ جو فرمائشات طبع شدہ ہر صیغہ کو پہونچا سکے۔ بہرحال اسوقت جو صورت اور طریقہ مابین صیغہ جات و پریس جاری ہے۔ اس سے نہ صرف صیغہ جات ہی کے کاموں میں ہرج واقع ہوتا ہے۔ بلکہ پریس کیلئے بھی وہ مضر ہے۔ اسلئے میرے خیال سے یہ مناسب ہوگا کہ اسٹیٹ پریس میں آرڈر موصول ہونے کے بعد منیجر صاحب مطبع اور افسر صاحب صیغہ کے مابین وقت کا تعین ہوجایا کرے۔ اسٹیٹ پریس سے وقت مقررہ تک فرمائشات کے طبع کئے جانے کا انتظام ہو۔ صیغہ جات سے وقت پر انکی وصولیابی کرلیجائے۔ اُمید ہے کہ اس کارروائی سے مذکورہ شکایات کا سدباب ہوجائے گا۔

لہٰذا سررشتہ صدر سے باجرا نقول جملہ عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت میں مقدمہ دیا جائے کہ براہ مہربانی صاحبان بہادر موصوف اپنے اپنے متعلقہ صیغہ جات کو تعین وقت اور وصولیابی کیلئے ہدایت فرمادیں۔ ایک نقل اسکی صیغہ جات ماتحت کو بھی روانہ کیجائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

رخصت

۱۴ جنوری ۱۹۳۶ء

مولوی شوکت حسین پیشکار عدالت سوبجی نے درخواست حصول رخصت رعایتی تین ماہ من ابتدائے یکم فروری ۱۹۳۶ء لغایت آخر اپریل ۱۹۳۶ء پیش کی ہے۔ بموجب تحریر فائنانس ڈپارٹمنٹ پیشکار مذکور کو استحقاق رخصت رعایتی حاصل ہے۔ لہذا رخصت رعایتی تین ماہ من ابتدائے یکم فروری ۱۹۳۶ء لغایت آخر اپریل ۱۹۳۶ء منظور کیجاتی ہے اور بسلسلہ رخصت حسب ذیل انتظام زمانہ رخصت کیلئے منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) منشی اشتفاق حسین خاں سکنڈ ریڈر ہائیکورٹ۔ بزمانہ رخصت پیشکار سوبجی عدالت سوبجی میں تبدیل ہو کر پیشکار عدالت سوبجی کا کام انجام دیں۔

(۲) بجائے منشی اشتفاق حسین خاں سکنڈ ریڈر منشی ذوالفقار حسین پیشکار عدالت ایڈیشنل سوبجی ہائیکورٹ میں تبدیل ہو۔

(۳) بجائے منشی ذوالفقار حسین پیشکار عدالت ایڈیشنل سوبجی۔ منشی مشتاق احمد خاں امین عدالت سوبجی عدالت سوبجی سے عدالت ایڈیشنل سوبجی میں تبدیل ہو۔

(۴) منشی عظمت علیخاں امین عدالت ایڈیشنل سوبجی تاختم ماہ اپریل ۱۹۳۶ء علاوہ اپنے کام کے امین عدالت سوبجی کا کام بھی انجام دیں۔

(۵) جو اشخاص اپنی اپنی موجودہ تنخواہیں اسی بجٹ سے پاتے رہینگے جس بجٹ سے وہ ابتک پاتے رہے ہیں۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل دکار بہار برائے غرض اندراج گزٹ مطبع کو ارسال کیجائے۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر)

رخصت

۱۷ جنوری ۱۹۳۶ء

نسبت درخواست مولوی ظہور اللہ پیشکار رجسٹری صدر بابت عطائے رخصت رعایتی ۵ یوم مصدقہ رجسٹرار صاحب صدر و صاحب فائنانس سکریٹری بہادر۔

حکم

مولوی ظہور احمد پیشکار رجسٹری نے بوجہ علالت خود درخواست حصول رخصت رعایتی پانچیوم پیش کی ہے حسب تحریر فائنانس ڈپارٹمنٹ استحقاق رخصت رعایتی حاصل ہے لہذا رخصت رعایتی پیشکار مذکور کو من ابتدائے ۱۰ جنوری ۱۹۳۶ء لغایت ۱۴ جنوری ۱۹۳۶ء منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر)

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ رامپور

واقع ۲۱ رجنوری ۱۹۳۷ء

فہرست مقدمات عدالت العالیہ جنکی پیشی من ابتدائے ۱۵ رجنوری ۱۹۳۷ء لغایۃ ۲۱ رجنوری ۱۹۳۷ء بعدالت ہائی کورٹ ہوئی بغرض اشاعت گزٹ طبع سرکاری کو مرسل ہو

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	یوم	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]	بد	تبیل جبسہ			
۱۶ ر	شنبہ	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	عنایت قیدی بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲/۲۲۵ ت	ذی علم اسٹیٹ ایڈووکیٹ کونسل میں گئے ہیں۔ لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۲۴ رجنوری کو پیش ہو
″	″	″ ″ ″	مساۃ شوکت جہاں بیگم بنام صفدر علیخاں	اپیل دوم دیوانی بدعوی اثبات طلاق	اپیل ہذا نامنظور ہو۔ خرچہ فالسب ذمہ مطلوب عائد ہو
″	″	″ مسٹر جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر ″ ″ ارشاد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام چانگومی	ابتدائے سشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج ڈاکٹر صاحب کا بیان قلمبند ہوگیا لہذا مقدمہ ۲۰ رجنوری کو پیش ہو۔
″	″	″ ″ محمود شاہ خاں صاحب بہادر	″ بنام نیت رام وغیرہ	″ ″ دفعہ ۳۰۲ ت	آج دیگر کار عدالت سے فرصت نہیں ملی۔ لہذا مقدمہ کل پیش ہو
″	″	″	علیم الدین قیدی بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۷۹ ت	اسٹیٹ ایڈووکیٹ صاحب آج موجود نہیں ہیں معلوم ہوا کہ کونسل میں گئے ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۱۸ رجنوری کو پیش ہو۔
″	″	″	شری بیگم بنام گنگا سہائے وغیرہ	درخواست اجرائے نسبت وصول رقم [illegible]	عذرداری جزواً منظور ہو اور مطالبہ اجرا میں [illegible] کم کئے جائیں اور [illegible] پر ڈگری جاری ہو۔
۱۸ رجنوری	یکشنبہ	″ صاحب چیف جسٹس بہادر ″ مسٹر جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر و مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	رام بھروسہ لال بنام حسن رضا خاں	استصواب نسبت دفعہ ۱۱ ضابطہ دیوانی	بعد سماعت بحث زیر تجویز
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس ارشاد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام اشرفی لال وغیرہ	ابتدائے سشن بجرم دفعہ ۳۰۲/۱۴۹ ت	آج بیان سب انسپکٹر تفتیش کنندہ کا قلمبند کیا گیا لہذا بغرض قلمبندی بیانات ملزمان مقدمہ کل پیش ہو۔
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	″ بنام نیت رام وغیرہ	″ ″ دفعہ ۳۰۲ ت	بجرم راج سہرا نیت رام ملزمان حاضرہ ثبوت جرم دفعہ ۲۲۵ تعزیرات ملزمان پانچ پانچ سال قید سخت کی سزایاب ہوں
″	″	″	چھانا لال بنام سوہن لال	اپیل مالی بدعوی [illegible] زرتقاوی لگان	بعد سماعت بحث زیر تجویز

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	تجویز
۱۹ جنوری ۱۹۳۶ء	دوشنبہ	عالیمرتبت چیف جسٹس صاحب بہادر	محمد سلیمان خاں بنام حق نواز	انفصال ابتدائی عدالت فوجداری ضلع بجرم دفعہ ۹ ایکٹ	بعد سماعت بحث زیر تجویز۔
//	//	مسٹر جسٹس ارشاد حسین خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام اشرف علی وغیرہ	ابتدائے سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲/۱۴۷ ت	آج ۹ کس ملزمان کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ بیانات ملزمان کے لئے مقدمہ کل پیش ہو۔
//	//	عالیمرتبت مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	// بشیر ملزم	// دفعہ ۳۷۶ ت	آج چار کس گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوتے مقدمہ کل پیش ہو
//	//	//	عظیم الدین بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۷۹ ت	بعد سماعت بحث زیر تجویز
۲۰ جنوری ۱۹۳۶ء	سہ شنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس ارشاد حسین خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام اشرف علی وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲/۱۴۷ ت	آج بقیہ ملزمان کے بیانات و پانچ کس گواہان صفائی کے بیانات قلمبند ہوتے وقت ختم ہوگیا لہذا مقدمہ کل پیش ہو
//	//	عالیمرتبت چیف جسٹس صاحب بہادر	شبن خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۴ ت	نگرانی ہذا منظور ہو کر حکم سزائے جرمانہ صادرہ عدالت چیف مجسٹریٹ منسوخ ہو۔ جرمانہ ملزم کو واپس کیا جائے۔
//	//	// مسٹر جسٹس ارشاد حسین خاں صاحب بہادر	نور علی خاں بنام شاہ نور جہاں بیگم	اپیل دیوانی بدعوے دین مہر	زیر پیشی
//	//	//	سعدن بنام جبو وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوی زر قرضہ	//
//	//	// محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام شیر محمد ملزم	ابتدائے سیشن بجرم دفعہ ۳۰۴ ت	آج پانچ کس گواہان کے بیانات قلمبند ہوئے۔ مقدمہ ملتوی ہو کر بتاریخ ۲۱ جنوری کو پیش ہو۔
۲۱، ۲۲ جنوری ۱۹۳۶ء	چہارشنبہ، پنجشنبہ	تعطیلات اتفاقیہ			

حکم اجلاس جناب صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر

رخصت

۱۳ جنوری ۱۹۳۶ء

مسودہ درخواست و نقشہ رخصت رعایتی مسمی محمد کبیر خاں، اہلمد دفتر شفاخانہ صدر مشاہرہ بیس روپیہ از یوم استفادہ بضرورت کاروبار خانگی مع تحریر فارم صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) مشعر تصدیق استحقاق رخصت رعایتی۔

حکم

محمد کبیر خاں اہلمد دفتر ہذا کی رخصت رعایتی ۲۰ یوم ۱۳ جنوری لغایت کم فروری ۱۹۳۶ء منظور ہے ایام رخصت میں منشی محمد اظہر یار خاں کلرک رخصتی کے کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسلہ ہو۔

(دستخط صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر)

احکام اڈیشنل ناظم صاحب

رخصت

۵ جنوری ۱۹۳۷ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار دربارہ منظوری رخصت مزید یکصد رعایتی از ۷ لغایت ۵ نومبر ۱۹۳۶ء ماہ رضا خاں ضلعدار حلقہ ۶ سوار بوجہ علالت شاہزادہ اعظم ہوا۔

حکم

مزید رخصت مطلوبہ منظور ہے احکام جاری ہوں۔

(دستخط اڈیشنل ناظم صاحب)

حکم

۹ جنوری ۱۹۳۷ء

مثل درخواست منشی حفظ الباری خاں محرر خام سوار بابتہ اطلاع حاضری خود بہ اجلاس نظامت شمالی بعد ختم رخصت بتاریخ یکم دسمبر ۱۹۳۶ء و عطائے تنخواہ ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء وصدور حکم تبدیلی چارج از خود۔

حکم

کاغذات پیش ہوئے۔ درخواست مورخہ ۹ نومبر ۱۹۳۶ء میں حفظ الباری خاں محرر نے تبادلہ چارج کی کوئی استدعا نہیں کی ہے حفظ الباری خاں محرر خام کی جگہ غلام محمد خاں عوض کام انجام دے رہا ہے لہذا سلسلہ رخصت سابقہ منشی حفظ الباری خاں کی رخصت وضع کل تنخواہ بہ عوض غلام محمد خاں شمار کیجائے۔ غلام محمد خاں سے حفظ الباری خاں فوراً چارج لیکر کام انجام دیں تحصیل سوار کو بنا بر جلد آمد تنخواہ اطلاع دیجائے۔ تبادلہ کے متعلق بعد میں تجویز کیجائیگی۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ منشی حفظ الباری خاں کو تنخواہ تاریخ کارکردگی سے ملیگی۔

(دستخط اڈیشنل ناظم صاحب)

احکام ناظم صاحب جنوبی

جرمانہ

۱۳ جنوری ۱۹۳۷ء

مشمولہ کاغذات برداشت آراضی موضع احمد نگر ملحق آنگار گنج حضور تحصیل زیر انتظام سید رضا حسین ضلعدار رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل بابت صدور حکم جرمانہ بر ضلعدار مذکور بہ قصور اندراج کردینے لگان آراضی قبل از منظوری۔

حکم

حسب سفارش تحصیلدار صاحب منظوری اندراجات دیجاتی ہے۔ ضلعدار پر ۸ جرمانہ کیا جاتا ہے (احکام صدر سے جاری ہونگی) بعدہ یہ مثل بپاس تحصیلدار صاحب واسطے اطلاع منظوری اندراج بھیجے جاوینگے۔ ۱۴ جولائی ۱۹۳۶ء

(دستخط ناظم صاحب جنوبی)

ہنوز احکام جاری نہیں ہوئے ہیں بہ منشائے حکم مورخہ ۱۴ جولائی ۱۹۳۶ء صدر سے احکام جاری ہوں۔

(دستخط ناظم صاحب جنوبی)

رخصت

۱۰ جنوری ۱۹۳۷ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک بارہ منظوری رخصت رعایتی چہار یوم ۲۰ نومبر لغایت ۲۳ دسمبر ۱۹۳۶ء منشی سعید احمد محرر خام ملک۔

حکم

رخصت رعایتی ۴ یوم منظور ہے صدر سے احکام جاری ہوں۔

(دستخط ناظم صاحب جنوبی)

حکم دفتر ایگزیکٹو انجنیر صاحب انہار

تبادلہ

۱۳ جنوری ۱۹۳۷ء

حسب تجویز منیجر صاحب انہار منشی ودود خاں امین بہ تنزل درجہ امین پٹرول مقرر کیا گیا ہے اور انصرام کام آبپاشی تحصیل سوار کے لئے ایک امین کی ضرورت ہے۔ لہذا منشی سید تجمل حسین امین نہر کوسی حضور تحصیل سے تحصیل سوار تبدیل ہوا اور بجائے منشی سید تجمل حسین امین منشی رحمت علیخاں امین نہر گیری تحصیل ملک سے تبدیل ہو اور بجائے رحمت علیخاں امین نہر گیری منشی الطاف حسین خاں امین تحصیل بلاسپور سے تبدیل کیا جاتا ہے منشی الطاف حسین خاں امین کے حلقہ کا کام بھی منشی غلام حضرت خاں سیکشن شمالی امین بلاسپور انجام دینگے اور جملہ سامان جو بھی موجود ہو تو ادیں پاویں گے۔ کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام ضابطہ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہوں۔

دستخط ایگزیکٹو انجنیر صاحب انہار

حکم دفتر ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

تقرر

۱۹ دسمبر ۱۹۳۶ء

مسمی کنور سین ساکن موضع کوئلہ ریاست رامپور کا تقرر بحیثیت مالی دفیلڈ مین ۱۰ دسمبر ۱۹۳۶ء سے بمشاہرہ عہ ماہوار منظور ہے احکام جاری ہوں۔

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

سروس سلکشن بورڈ کو تقرر سے تعلق ہے۔ احکام جاری ہوں۔

۱۰ جنوری ۱۹۳۷ء دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت